**15.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... شبانہ بیگم

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اُناسی ویں یوم آزادی کی تقریبات منانے میں قوم کی قیادت کی۔ انہوں نے آتم نربھر بھارت کو عمل میں لانے کیلئے، لال قلعہ کی فصیل سے بہت سے اقدامات کا اعلان کیا۔

☆ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت، وکست بھارت کے ویژن کو عمل میں لانے کیلئے اگلے دور کی اصلاحات کے مقصد سے ایک ٹاسک فورس قائم کرے گی۔

☆ وزیراعظم مودی نے پاکستان کو یہ سخت وارننگ دے دی ہے کہ بھارت، نیوکلیائی دھمکیوں کو برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے آپریشن سندور کو سراہا اور اِسے مسلح فوجوں کی بہادر کا ایک طاقتور ثبوت قرار دیا۔

☆ بیرون ملک بھارتی مشنوں نے بھی یوم آزادی کی تقریبات، وطن پرستی کے جذبے کے ساتھ منائیں۔

☆ کشتواڑ میں بادل پھٹنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 45 ہوگئی ہے، راحت اور بچاؤ کا کام جنگی پیانے پر جاری ہے۔ ابھی تک 120 سے زیادہ لوگوں کو بچایا جاچکا ہے۔ وزیراعظم نے صورتحال کا جائزہ لیا۔

☆ اور، امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ، یوکرین-روس تنازع پر امن بات چیت کیلئے، آج رات الاسکا میں روس کے اپنے ہم منصب ولادیمیر پوتن سے ملاقات کریں گے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-Independence Day**

ملک آج، اپنا اُناسی واں یوم آزادی منارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے دلّی کے لال قلعہ سے یوم آزادی کی تقریبات کی قیادت کی اور قومی پرچم لہرایا۔ جناب مودی نے اس مشہور تاریخی عمارت کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے آپریشن سندور کے بہادر سپاہیوں کو سلام پیش کیا کہ یہ آپریشن ملک کی مسلح فوجوں کی شجاعت اور باریکی سے کی جانے والی کارروائی کا ایک طاقتور ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مسلح افواج کو حکمت عملی تیار کرنے، نشانہ مقرر کرنے اور کارروائی کا وقت طے کرنے کے کا موقع دے کر انہیں اختیارات دیئے۔

**SB - PM Army Free Hand**

وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے بہادر سپاہیوں نے، دشمنوں کو منہ توڑ جواب دیا، جو اُن کے تصور سے باہر تھا۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارتی مسلح فوجوں نے، پاکستان کے کئی سوکلو میٹر اندرونی علاقوں میں جاکر حملہ کیا اور دہشت گردوں کے کیمپوں کو، ملبے میں تبدیل کردیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام میں دہشت گردوں کی طرف سے جو خوفنا کی پیدا کی گئی، اُس پر ہر ایک بھارتی کو غصہ ہے اور آپریشن سندور، اس غصے کا اظہار کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے فیصلہ کرلیا ہے کہ اب خون اور پانی ایک ساتھ نہیں بہے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے عوام نے اب یہ محسوس کرلیا ہے کہ وادی سندھ کا سمجھوتہ غیر منصفانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اب نیوکلیائی بلیک میل کو مزید برداشت نہیں کرے گا۔

**S/B Narendra Modi - Nuclear Warning**

وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت، دشمنوں کی طرف سے کسی بھی خطرے کو ناکام بنانے کیلئے ہتھیاروں کا ایک طاقتور نظام کی تشکیل کیلئے مشن سُدرشن چکر کا آغاز کرے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ اگلے 10 سال میں یعنی 2035 تک اس قومی سلامتی کی ڈھال میں توسیع کی جائے گی، اسے مضبوط اور جدید بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس مشن کو، تاریخی شخصیت شری کرشنا کے سدرشن چکر سے وابستہ کیا۔ انہوں نے خاص طور پر بتایا کہ کس طرح بھارت نے جدید دفاعی اختراعات کی رہنمائی کیلئے اپنی مالا مال ثقافتی اور دیومالائی وراثت سے جذبہ حاصل کیا۔؟

وزیراعظم نے آتم نربھر بھارت کو وِکست بھارت کیلئے ایک کلیدی بنیادی مرحلہ قرار دیا۔

انہوں نے کہا کہ دفاع، ٹیکنالوجی، توانائی، خلاء اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں پیش رفت کا ذکر کیا۔ انہوں نے آپریشن سندور کی، بھارت کی دفاعی خودانحصاری کے مظاہرے کے طور پر تعریف کی۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ میڈ اِن انڈیا ہتھیاروں سمیت ملک کی صلاحیتوں کے سبب بھارت فیصلہ کُن اور آزادانہ طور پر کارروائی کرنے کا اہل ہوا ہے۔ اُس نے یہ ثابت کردیا ہے کہ قومی سلامتی، غیر ملکوں پر انحصار نہیں کرسکتی۔

**S/B Narendra Modi - Atamnribhar Bharat**

جناب مودی نے کہا کہ وہ کسانوں اور ماہی گیروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک دیوار کی طرح کھڑے ہیں اور بھارت اُن کے مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

جناب مودی نے روزگار کی ایک بڑی اسکیم کا آغاز کیا، جس پر ایک لاکھ کروڑ روپے کا خرچ آئے گا، جس کے تحت ایسے نوجوانوں کو، جنہیں نیا نیا روزگار ملا ہوگا، 15 ہزار روپے ماہانہ دیئے جائیں گے۔ اس اسکیم کا مقصد تین کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کو فائدہ پہنچانا ہے، جس سے سوتنتر بھارت سے سَمرِدھ بھارت کا پُل مضبوط ہوگا۔

**S/B Narendra Modi**

وزیراعظم نے اس دیوالی تک اگلے دور کی GST اصلاحات شروع کرنے کا بھی اعلان کیا، جن کا مقصد روز مرہ کے استعمال کی چیزوں پر ٹیکس کو کم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات سے عام آدمی، کسانوں، اوسط طبقے، اور بہت چھوٹے، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروبار کو راحت ملے گی، نیز اقتصادی سرگرمی کو بڑھاوا ملے گا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اِس سال کے آخر تک ''میک اِن انڈیا - سیمی کنڈکٹر Chips'' کا آغاز کرے گا، جو اہم ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ملک کی بڑھتی ہوئی طاقت کی عکاسی کرے گا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی،

Deep-Tech اور عالمی مسابقت کے لیے Operative Systems میں اختراع پر زور دیا۔

**SB - Semiconductor**

وزیراعظم نے اگلے دور کی اصلاحات کیلئے 'ایک مخصوص، ٹاسک فورس بھی تشکیل دینے کا اعلان کیا۔
جناب مودی نے سرحدی علاقوں میں افراط زر اور غیرقانونی مائیگریشن کے سبب آبادی کے عدم توازن کے خطرے کو اجاگر کیا۔ انہوں نے قومی سلامتی کو درپیش اِس چیلنج سے نمٹنے کیلئے ایک اعلیٰ اختیاراتی آبادی مشن کے آغاز کا بھی اعلان کیا، جس سے بھارت کے شہریوں کے اتحاد، سالمیت اور حقوق محفوظ رہیں۔ جناب مودی نے اشارہ دیا کہ بھارت کے بجٹ کا ایک بڑا حصہ، پیٹرول، ڈیزل اور گیس کی درآمدات پر جاتا ہے۔ انہوں نے شمسی، ہائیڈروجن، آبی اور نیوکلیائی بجلی میں بڑے پیمانے پر توسیع کے ساتھ ساتھ بحری وسائل سے فائدہ اٹھانے کیلئے گہرے سمندر میں دریافت کے قومی مشن کے آغاز کا بھی اعلان کیا۔×

**PM-Greetings**

وزیراعظم نریندر مودی نے 79 ویں یوم آزادی پر قوم کو مبارک باد پیش کی ہے۔ جناب مودی نے مجاہدین آزادی اور ایک وِکست بھارت کی تعمیر کے خوابوں کو پورا کرنے کیلئے ہر ایک سے سخت محنت کرنے کی اپیل کی ہے۔×

**Flag Hoisting - Delhi**

ملک کے اناسی ویں یومِ آزادی کے موقع پر قومی راجدھانی میں کئی مقامات پر قومی پرچم پھیرایا گیا۔ مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ، ڈاکٹر ایس جے شنکر، نتن گڈکری، ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اپنی اپنی رہائش گاہوں پر قومی پرچم پھیرایا۔
دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے Chhatarsal اسٹیڈیم میں قومی پرچم پھیرایا۔ مرکزی وزیر اور BJP کے صدر جے پی نڈا نے بی جے پی کے ہیڈکوارٹر میں قومی پرچم پھیرایا۔×

**Independence Day - All States**

پورے ملک اور بیرونِ ملک سے 79 ویں یومِ آزادی کی تقریبات کے منائے جانے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔
مدھیہ پردیش میں، بھوپال میں یومِ آزادی کا جشن ریاستی سطح پر منایا جارہا ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے قومی پرچم پھیرایا۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مدھیہ پردیش قومی تعلیمی پالیسی 2020 نافذ کرنے والی سرکردہ ریاست بن گئی ہے۔
پنجاب میں یومِ آزادی پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ ریاستی سطح کی تقریب فرید کوٹ میں منعقد ہوئیں، جہاں وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے قومی پرچم پھیرایا۔
اوڈیشہ میں وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی ریاستی سطح پر منعقدہ تقریبات میں آج صبح بھوبنیشور میں مہاتما گاندھی مارگ پر قومی پرچم پھیرایا اور پریڈ سے سلامی لی۔
اپنے خطاب میں جناب ماجھی نے اپنی سرکار کی حصولیابیوں کو اجاگر کیا اور ریاست کی ترقی کے روڈمیپ کا خاکہ پیش

کیا۔

چھتیس گڑھ میں وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی نے رائے پور کے پولیس پریڈ گراؤنڈ میں قومی پرچم پھیرایا اور سلامی لی۔ اِس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے قوم کے مفاد میں دیسی مصنوعات کو اپنانے کی اپیل کی۔

بہار میں یومِ آزادی پورے حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ ریاستی سطح کی اہم تقریب پٹنہ کے تاریخی گاندھی میدان میں منعقد ہوئی، جہاں وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے قومی پرچم پھیرایا۔

لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ اُن کی سرکار کی توجہ نوکریوں اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے پر مرکوز ہے اور اگلے 5 برسوں میں نوجوانوں کو ایک کروڑ نوکریاں اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

آسام میں، یومِ آزادی کی اہم تقریب گواہاٹی کے Veterinary پلے گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر ہمنتا بسوا سرما نے ترنگا پھیرایا اور پریڈ سے سلامی لی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آسام، ملک کی سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والی 3 ریاستوں میں شامل ہے۔

ناگا لینڈ بھی ثقافتی کارکردگی کا شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے یومِ آزادی منانے میں ملک کے ساتھ شامل ہوا۔

بھارتی فوجیوں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے بھارت کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے کولمبو میں آج صبح IPKF یادگار پر عقیدت کے پھول نذر کیے۔ بھارتی برادری کی ایک بڑی تعداد میں Chancery بلڈنگ میں اِس تقریب میں حصہ لیا۔×

## IND-Day Celebrations Abroad

آج جبکہ بھارت اپنا 79 واں یوم آزادی منارہا ہے۔ بیرون ملک بھارتی سفارتخانوں میں بھی آج کا دن پورے جوش وخروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ مشترک اقدار کو اجاگر کرتے ہوئے منایا جارہا ہے۔ امریکہ کی جانب سے وزیر خارجہ Marco Rubio نے بھارت کے عوام کو مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور امریکہ ایک ساتھ مل کر کام کررہے ہیں اور دونوں ملک جدید چیلنجوں کا مقابلہ کریں گے اور ایک مزید روشن مستقبل کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان تاریخی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے انہیں دور رَس اور نتیجہ خیز قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارت میں قائم امریکی سفارتخانے نے یوم آزادی کی مبارک باد دی۔

پوسٹ میں کہا گیا کہ اس اہم موقع پر منائے جارہے جشن میں امریکہ، بھارت کے ساتھ شامل ہے اور ہم عالمی امن اور خوشحالی کی طرف بڑھتے ہوئے مشترک حصولیابیوں کی پاسداری کرتے ہیں۔

چین میں بھارتی سفیر پردیپ کمار راوت نے بیجنگ میں بھارتی سفارتخانے میں یوم آزادی کی تقریب میں ترنگا پھیرایا۔ تقریب میں بڑی تعداد میں بھارتیہ برادری نے شرکت کی۔

پرچم پھیرانے کے بعد جناب راوت نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے قوم سے خطاب کے اقتصابات پڑھ کر سنائے۔

ٹوکیو میں بھارتی سفارتخانے میں بھی یوم آزادی کی تقریب منعقد کی گئی۔ مالدیپ میں بھی، بھارتی برادری ہرگھر ترنگا مہم کے ساتھ یوم آزادی منائی جارہی ہے۔×

**PM J&K Cloudburst**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کشتواڑ میں بادل پھٹنے اور سیلاب کے پیشِ نظر صورتحال سے متعلق جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے فون پر گفتگو کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ حکام متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے کے لیے پوری جانفشانی سے کام کررہے ہیں۔

جمعرات کو کشتواڑ ضلع کے **Paddar** سَب ڈیویژن کے دور دراز کے پہاڑی گاؤوں میں بادل پھٹنے سے **CISF** کے دو اہلکاروں اور کئی **Machail** ماتا یاتریوں سمیت کم از کم **45** افراد ہلاک ہوئے اور اب تک **120** سے زیادہ لوگوں کو بچایا جاچکا ہے۔×

**Prez Parsi New Year**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج پارسی کے نئے سال کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد اور انہیں نیک خواحشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ نو روز تجدید، امید اور خوشحالی کی علامات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارسی برادری کا یہ اہم تہوار ملک کی مالامال ثقافتی وراثت کو منانے کا ایک موقع ہے۔×

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، کہانی کے پس منظر کے کردار کے عنوان سے متعلق ایک **Podcast** سیریز شروع کررہا ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر ہم اس کی پہلی قسط شروع کررہے ہیں۔ اس قسط میں لیفٹیننٹ آر مادھون پلّئی کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو پیش کیا جائے گا، جو تقریباً **100** سال پہلے پیدا ہوئے تھے، وہ انڈین نیشنل آرمی کا ایک حصہ تھے اور انہوں نے بھارت کی آزادی کی جدوجہد میں اپنا اہم تعاون دیا تھا۔ **Podcast** سیریز کا پروگرام آپ **100** اعشاریہ ایک، آکاشوانی پی ایم گولڈ اور اضافی میٹروں پر آج شام پانچ بجکر **10** منٹ پر سُن سکتے ہیں۔ یہ پروگرام ہماری ویب سائٹ **NEWS ON AIR DOT GOV DOT IN** اور ہمارے یوٹیوب چینل **NEWS ON AIR OFFICIAL** پر بھی دستیاب ہوگا۔×

**Trump Putin**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن آج ملاقات کرنے والے ہیں۔ یہ ملاقات، الاسکا کے **Anchorage** میں امریکہ کے مشترکہ فوجی اڈے **Elmendorf-Richardson** میں ہوگی۔ اِس سال جنوری میں ٹرمپ کی وہائٹ ہاؤس میں واپسی کے بعد یہ اپنی نوعیت کی پہلی ملاقات ہوگی۔ اعلیٰ سطح کی ملاقات سے پہلے ٹرمپ نے کہا کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ پوتن، یوکرین میں جنگ ختم کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن امن قائم کرنے کیلئے کم از کم دوسری ملاقات کی ضرورت ہوگی، جس میں یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی بھی شامل ہوں۔×

## Squash - Bega Open

اِسکواش میں، بھارت کی **Akanksha Salunkhe** اور **Anahat Singh** آسٹریلیا میں خواتین کی **Bega Open** چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔
کل خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں **Akanksha** نے آسٹریلیا کی **Sophie Fadely** کو تین-دو سے ہرایا، جبکہ چوٹی کی کھلاڑی **Anahat** نے بھی آسٹریلیا کی **Sarah Cardwell** پر تین-صفر سے جیت حاصل کی اور کوارٹر فائنل میں پہنچیں۔ آج کوارٹر فائنل میں **Anahat** کا مقابلہ جنوبی افریقہ کی **Hayley Ward** سے ہوگا اور **Akanksha** کا سامنا آسٹریلیا کی **Alexandra** سے ہوگا۔×

## Women Cricket

انڈیا اے خواتین کرکٹ ٹیم نے آج **Brisbane** میں آسٹریلیا اے ٹیم کے خلاف دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں شاندار جیت حاصل کی۔ **Yastika Bhatia**، رادھا یادو اور **Tanuja Kanwer** نے نصف سینچریاں بنائیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆